کے مراسی ڈھول بجاتے ہوئے اور گاتے ہوئے آگے آگے برات کے چلتے ہین اور پیچھے اونکے برادری کے لوگ کچھ سوار کچھ پیادہ ہوتے ہین درمیان مین رنڈکا اکثر سوار رہتا ہے اور ایک چتر رنگین کاغذات کا جو خاص اسی کام کے واسطے پاس دھوبی کے تیار رہتا ہے۔ اور کرایہ حسب ذیل۔ اودے متوسط اطلے لیتا ہے اوسکے سر پر لگاتے ہوئے لیجاتے ہین اور اوسکو پہیرتے رہتے ہین۔ اس تمام اجتماع کو برات کہتے ہین۔ اور جب گھر سے نکلتے ہین تو تمام کو شوہر پر وقتین چڑھ کر بارکباری کا گانا گاتی ہین۔ اور خوشی کرتی ہین اور یہہ برات گاتے بجاتے خوش ہوتے دنتروالے کے گھر پہنچتے ہین۔ آگے دنتروالہ باہر گانو مین کسی اچھے سیدانین میدان مین اتارتا ہے۔ اور چونکہ اس ملک مین نیزہ بازی کا شوق بہت ہے اسلئے اول دفعہ یہہ سچ مار لیتے ہین۔ ورنہ دوسری یا تیسری دفعہ تو ضرور ہی مار لیتے ہین۔ پھر برات کے گھر گھر دنتروالہ کے جاتی ہے۔ آگے عورتین گاتی اور خوشی کرتی حد آبادی تک کہڑی ہوتی ہین۔ جب برات آبادی گانو کے اندر داخل ہونے شروع ہوئی۔ آگے مصلی یا چوہڑ اکھڑا ہوا ہوتا ہے۔ وہ اپنا لاگ مانگتا ہے۔ (جسکو دھوڑ کہتے ہین) اور اوسکی تعداد حسب ذیل ہے۔ اودے۔ متوسط۔ اطلے۔ وہ دیگر برات گانو مین داخل ہوتی ہے۔ علی العموم دایرہ یا ڈیہوڑھی۔ یا مٹیک یا دیوان خانہ یا بڑے صحن مین ٹھہراتے ہین۔ حقہ تمباکو خاطر داری اونکی گانو والے کرتے ہین پھر تہوڑی دیر کے بعد جب برات نے ڈیرہ جمعیت سے کرلیا۔ تو ادھر روٹی طیار ہوتی ہے۔ روٹی کہانیکے واسطے برات اور سیطرح ساذ و شان اور سواری وغیرہ کے ساتھ دنتروالہ کے گھر ڈھول وغیرہ بجاتے ہوئے اور بڑی آدمی آتشبازی چلاتے۔ اور تماشا ہوائی وغیرہ کراتے ہوئے پہونچتے ہین۔ اوسوقت دنتروالہ کے گھر عورتین کہڑی ہوکر اور گلی وغیرہ مین راگ گاتی ہین۔ اور اکثر ہنسی سے دشنام بھی دیتے ہین اور گالی یا دانہ اونکو ہر ایک جسکو دوہر کہتے ہین یا انڈہ ہائے باجرہ برات والون کو مارتے ہین کہ غرب بھی نہ لگے اور خوشی بھی حاصل ہوجائے اس عمل کو دوہر برشن کہتے ہین پھر اہل برات جسکو جنج کہتے ہین۔ اوتر کر دنتروالہ کے گھر اندر یا بسبب تنگی مکان وسیع جگہ مین جہان ولی کہلانے کی تجویز ہوئی زمین پر جسکے اوپر تہری بکھاد۔ یا سرکانہ۔ یا لوئی وغیرہ بچھا ہوا ہوتا ہے جا بیٹھتے ہین۔ پھر حجام دنتروالہ کا آیا اور دنتروالہ کے گھر سے کٹورہ مین شیر و شکر لوکے کے منہہ کو لگاتا ہے۔ اس کٹورہ مین سے لڑکی کے باپ سے اودے۔ متوسط۔ اطلے ڈلواتے ہین۔ یہہ لاگ نائی کا ہے۔ وہ لے لیتا ہے۔ پھر اودہر لڑکی روٹی جنج کو کہلانی شروع کرتے ہین۔ یہہ روٹی اوسی قسم کی ہوتی ہے جو لڑکی والے وقت روانگی برات اور گانو والونکو دیتا ہے۔ بجز اوسکے اکثر جگہہ کہانے کو بیٹھتے ہین۔ اور دنتر کے رشتہ دار اور گانو کے معتبر روٹی کہلاتے ہین اور اس روٹی پر حسب ذیل خرچ ہوتا ہے۔ اودے۔ متوسط۔ اطلے۔ جب روٹی سے فارغ ہوگئے۔ تو عورت

Scanned with CamScanner

کیا ہے۔ یکمو سنگھ ہے ڈاہین۔ وہ کہتا ہے تجھکو وکالت منظور ہے۔ قاضی اوسکو کہتا ہے کہ تو مہر مقرر کردی اول تو بہت بڑی رقم کی مقرر کرتا ہے۔ بحیثیت فریقین سے بہت بڑھکر ہوتا ہے۔ پھر اہل مجلس از جانب فرزند اوسکی منت کرتے ہین۔ کہ مہر کم کرے کچھ خدا کے واسطے اور کچھ مجلس کی عزت کے سبب اسیطرح بہت سی گفتگو کے اور تخفیف ہوتی ہے اصلی حیثیت پر آجاتا ہے۔ علی العموم۔ [اونے۔ متوسط۔ اعلے] مہر مقرر ہوتا ہے اور جب مہر مقرر ہوگیا تو پھر قاضی وکیل کو کہتا ہے کہ تو نے [ایک مہر عصہ کی اور ایک مہر عصہ کی اور ایک مہر عصہ کی] فلان لڑکی بیٹی فلان کی اس مہر کے ساتھ نکاح صحیح شرعی کی فلان بن فلان کی نکاح کی۔ وکیل جواب دیتا ہے کہ بیشک اون شرطون سے نکاح کردی۔ تب قاضی لڑکی کیطرف مخاطب ہوکر کہتا ہے۔ اونہین الفاظ سے جو سابق کہے گئے۔ تو نے قبول کی ہے تین دفعہ قاضی ان الفاظ کا اعادہ کرتا ہے۔ لڑکا لفظ قبول کی کہتا ہے جب یہ الفاظ ادا ہوچکے تو پھر قاضی عربی زبان مین خطبہ پڑھتا ہے جو خاص اسیواسطے مقرر ہوتا ہے۔ اور بعد حمد الہی اور نعت مصطفوی کے دعا ہے۔ واسطے الفت کے درمیان مرد و عورت کے۔ بعد ادا ہی کرنے حقوق آپس کے اور قائم رہنے دین پر ہندی زبان مین دعا نیکی کی سب کے واسطے کرتا ہے اور یہ نکاح صحیح شرعی ہے۔ اور رسوم نکاح اسیقدر مین جو بیان ہوئے بعد اسکے اونے۔ متوسط۔ اعلے قاضی کو نکاح خوانی کا ملتا ہے۔ اور اسیطرح رسوم متفصلہ ذیل فرزند والہ کو ادا کرنی پڑتی ہین ان رسوات کا نام لاگ ہے۔

نقشہ خرچ لاگ

نام کمین	اونے	متوسط	اعلے	نام کمین	اونے	متوسط	اعلے	کیفیت
حجام	عصہ	عصہ	عصہ	موچی	عصہ	عصہ	عصہ	
ڈومڈومنی	عصہ	عصہ	عصہ	دھوبی یا دھوبن	عصہ	عصہ	عصہ	
خادم مسجد	۴ر	۸ر	عصہ	فقیر کمبہ	۴ر	۸ر	عصہ	
ترکہان	عصہ	عصہ	عصہ	لوہار	عصہ	عصہ	عصہ	
کہار	عصہ	عصہ	عصہ	پیر یا بھنگی	عصہ	عصہ	عصہ	
مصلی	عصہ	عصہ	عصہ	تیلی	۸ر	عصہ	عصہ	

اور شیرینی قسمہا قسم پاپڑ دال جمین کی شاکر و چاول تمام ترشدہ ملے ہوئے ہوتے ہین۔ تقسیم کرتے ہین۔ اور تمام اسباب از قسم پارچات فرش و غیرہ۔ زیور و اثاث البیت یعنے چارپائی لحاف وغیرہ جو ہمراہ دختر کے دیتا ہوتا ہے۔ وہ چارپائی پر اسطرح دکھلاتے ہوئے لیجاتے ہین۔ اور بڑے آدمی دختر زادہ و گاؤ میش و گھوڑا وغیرہ بھی دیتے ہین۔ سب دیکھتے ہین۔ اور لڑکے کو نیا جوڑہ پارچہ اپنے پاس سے دختر والا پہناتا ہے اور رواج اس تفصیل سے اونے۔ متوسط۔ اعلے ہوتا ہے اور اوسکے مرزی وغیرہ قرابتیون کو بھی جو پارچات دیتے ہوتے ہین دیتے ہین۔ جب سہرہ بہن چکا تو رخصت کی تیاری ہوتی ہے مگر رخصت سے پہلے ایک رسم واڑہ کی ہوتی ہے۔ یعنے لڑکا والا روپیہ جب حیثیت اپنے مساوان و فقیران و کمیان وغیرہ موجودگان کو تقسیم کرتا ہے جسپر حسب ذیل خرچ ہوتا ہے۔ اونے۔ متوسط۔ اعلے۔ پھر لڑکی کو کپڑا و سنج و زیور پہناکر ڈولی مین ڈالکر رخصت کردیتے ہین۔ رخصت کے وقت عورتین گاتی ہین۔ گرو داع اور رخصت کے گانے گاتی ہین۔ اور دختر والہ کیطرف سے ایک قسم کا غم و ختر کی جدائی سے ظاہر ہوتا ہے۔ اور لڑکی والے طرف نہایت خوشی ہوتی ہے۔ اور جیطرح کی برات آئی تھی۔ صرف ایک لڑکی کے ساتھ۔ پھر اس گھڑی لڑکی لیکر روانہ ہوتے ہین۔ اور لڑکی کے ساتھ کوئی بھائی برکار شتہ دار مرد اور ایک عورت مشاطہ یا میراسن بھی ہوتی ہے جسکو فرزند والہ اونے۔ متوسط۔ اعلے دیتا ہے۔ جب گھر پہنچ گئی تو دروازہ گھر کے باہر ڈولی کھڑی رہتی ہے اور فرزند کے باپ کو کوئی چیز دولہا کی بہنی بہو کو بخشدے۔ وہ کبھی گھوڑی و گاؤ میش یا بکری جو کچھ موجود ہووے وہ اس کے نام مشہور کردیتا ہے۔ تب لڑکی اندر گھر کے جاتی ہے اور والدہ لڑکی کی اوسکا موہنہ دیکھتی ہے۔ اوا وسوقت۔ اونے۔ متوسط۔ اعلے دیتے ہین۔ اور تین رات سے سات رات تک سسرال کے گھر رہتی ہے پھر بھائی یا کوئی اور رشتہ دار قریب لڑکی کو واپس لیجاتا ہے۔ پھر ڈولی مین ڈالکر یا گھوڑی پر بیٹھکر ہین۔ وہان پندرہ بیس روز یا کم و بیش رہکر پھر سسرال مین آتی ہے اور جب دوبارہ آتی ہے تو اوسوقت اوسکا اسقدر لحاظ نہین ہوتا جو پہلے تھا۔ پھر تو سب کام اپنے گھر کے معمولی کرتی رہتی ہے اور ایسی ہی چلی رہتی ہے۔ کہ جیسے ایک دیہاتی یعنے قصبہ کی آدمی ہوتی ہے۔

مرگ۔ جب بیمار قریب المرگ ہوتا ہے تو گھر والون کو فکر اوسکی موت سے زیادہ فکر اوسکی روٹی کا ہوتا ہے اور شہر مین والے خریدنے روغن و قند سیاہ و سفید کے جاتے ہین۔ جو شہر قریب ہووے اوس سے خریدلاتے ہین۔ آگے بیمار مرگیا ہوتا ہے یا مرنے پر تیار ہوتا ہے۔ اگر مرجاوے تو پیچھے مرگ کے بھی خریدکرتے ہین۔ اور وقت موت کے اکثر بیمار وصیت بھی کرتا ہے۔ اگر نہین کرتا تو لوگ قریبی ہوتے ہین وہ اشارہ کرتے ہین کہ تو کچھ اپنا حصہ پکڑ جو پیچھے تیرے لگایا جاوے اور علی العموم یہ وصیت ہوتی ہے کہ اسقدر روپیہ میرے پیچھے خرچ کرنا۔ یہ وصیت کرکے مرجاتا ہے۔ کبھی کبھی کچھ

Scanned with CamScanner

وصیت نہین کرتا۔ پیچھے اسکے وارث اسکی بموجب وصیت کے خرچ کرتے ہین۔ مگر زیادہ تر لوگ وصیت کا لحاظ نہین کرتا
اور اعلمین واسطے حفاظت عزت اپنی کے بقدر ہمت خرچ کرتے ہین۔ خواہ وصیت کم ہو جاوے یا زیادہ ہو جاوے
اور بموجب مذہب کے زیادہ جلدی دفن مین کرتی ہوتی ہے۔ اگر دن ہوتے مرے تو اسی دن دفن ہو جاتا ہے
ورنہ اسکے بعد دوسری صبح کو اور ہر جنازہ لیجاتے ہین اور ہر روٹی کی تیاری کرتے ہین۔ کبھی کبھی سب چیز بقدر
کے خرید کرنی ہوتی ہے۔ اور روٹی عام رسم ہے یہانتک کہ حیثیت سے بہت زیادہ خرچ کرنا پڑتا ہے۔ لوگ
بغیر روٹی کے بھی جمع ہوتے ہین۔ اور غریب فقیر مسکین بہت آجاتے ہین اگر روٹی پوری نہ آوے تو بدنامی زیادہ
ہوتی ہے۔ اپنی حیثیت کے ڈھب سے عام روٹی کرتے ہین۔ اور بموجب حیثیت کے۔ ادنے۔ متوسط۔ اعلے
یہہ روٹی ہوتی ہے۔ اور مردہ کے دفن تک اسطرح رسوم ادا کیجاتی ہے۔ اول مردہ کو غسل دیتے ہین
پانی سے اور پانی گرم ہوتا ہے۔ اوپر بیری کی پتی بھی پانی مین ڈال لیتے ہین۔ تاکہ پانی ملائم ہو جاوے
کبھی وقت چند خوشبو۔ کافور۔ گلاب۔ کیوڑہ۔ لونگ۔ وغیرہ بھی استعمال کرتے ہین۔ اور

مرد کیواسطے		عورت کیواسطے	
چادر	طول	چادر	طول
۴	[بقدر بلندی قد کے ایک ایک] ہاتھ	۴	اوسی ایک ازکی
کفنی	ڈھائی گز	۱	پیرہن اسکو کہتے ایک بقدر مرد کے ڈال سر سے پیر تک ایک گز طول اور عرض کا
			سینہ بنیک طول و عرض ڈیڑھ گز کا ایک گز

اعلے تک غسال کو دیتے ہین۔ اور کپڑے بھی اوسکے غسال لیتا ہے اور پہر کفن ڈالتے ہین
عمدہ
نمل مخمل کپڑے کا ہو ایک گز عرض کا ہو دو گز۔
لیکن اونے آدمی دیسی پارچہ کا اور بڑے آدمی لٹھہ وغیرہ عمدہ کپڑے کا ڈالتے ہین جسپر عمدہ خرچ ہوتا ہے۔

مرد			عورت		
ادنے	متوسط	اعلے	ادنے	متوسط	اعلے
۵	۷	۹	۵	۷	۹

بعد کفنانیکے چارپائی پر ڈالکر باہر لیجاتے ہین۔ سب لوگ ساتھ ہوتے ہین۔ گھر سے نکلتے ہی جب
دفنانے کے واسطے لیجاتے ہین۔ چار آدمی قریبی یا کوئی واسطے ثواب کے شامل ہوتے جاتے ہین۔ جنازہ کو واہ ٹھہکر
قبرستان لیجاتے ہین۔ وہان میدان مین رکھکر اول نماز جنازہ پڑھتے ہین۔ بموجب رسم مذہبی کے کہ اس نماز مین دعا

دانے مردہ کے اور بعد نماز کے مردہ کی چارپائی کے گرد چند خان جمکر استادہ کرتے ہین۔ وہ یہہ ہے کہ اوسکے واسطے
اصلح پڑھتے ہین کہ جسقدر فرض خدا کے یعنی نماز اور روزہ وحج وزکوۃ وغیرہ منذورات خدا کی اس سے اپنی عمر مین
ساقط ہوئی ہین۔ اور اب اونکے ادا سے یہہ حاجز ہے۔ عوض اوسکے یہہ روپیہ اور روٹی وغلہ وغیرہ جسکو توشہ
کہتے ہین اور جسکی تعداد قیمت یہہ ہوتی ہے۔ ادنے۔ متوسط۔ اعلے۔ وان حاضر کرتے ہین۔ خدا قبول کرے
یہہ عمل کرکے اوسکو دفن کر دیتے ہین۔ اور روپیہ علما و فقرا و فیہ کو تقسیم کر دیتے ہین۔ علی العموم عرف قبرستان
دفن کرتے ہین۔ صندوق مین دفن نہین کرتے بعد دفن کے سب لوگ دعا کرکے اور روپیہ تقسیم کرکے پہر ماتم والے کے
گھر جاتے ہین۔ وہان جب پہونچے روٹی تیار ہوتی ہے۔ اول بزرار وغیرہ معتبر لوگ روٹی کہاتے ہین۔ پیچھے اون کے
باقی جو غربا و فقرا حاضر ہوتے ہین اون کو کہلائے جاتے ہین۔ اور نہایت بے رحمی اور بے تمیزی سے یہہ روٹی کہاتے
کہلاتے ہین۔ اور علما اپنے عقیدۂ مذہبی کا اس معاملہ مین بسبب الم اور شومی نفس کے کچھہ لحاظ نہین کرتے کہ
مال یتیم وغیرہ کہانا حرام ہے۔ بلکہ اس کہانے کو جو نہ کرے اوس کو بے دین کہتے ہین۔ اور اکثر وقت ایسا ہجوم
اور غوغا ہوتا ہے کہ ناواقف آدمی اگر باہر سے آوے تو یہہ سمجھتا ہے کہ کوئی بڑا گروہ دنگا فساد کا فوج مین گھسا
ہوا لوٹ مار کر رہا ہے۔ یا کسی محلہ کو آگ لگی ہوئی ہے کہ اوسکے سبب سے یہہ شور و غوغا ہے۔ اور ماتم والا گھر کا
ایسا خراب حال ہوتا ہے کہ بالکل سب کی عقل ماری جاتی ہے۔ اور دشمنی اور ضد بھی اوسی موقع پر نکلتی
ہین کہ جب روٹی ذرہ کم نظر آوے۔ اوسی موقع پر بہت سے آدمی ادہر اودہر سے جمع کرکے وہان لے
گئے۔ یا روٹی اون کی کچھہ کہائی کچھہ خراب کی زمین وغیرہ مین تاکہ ایک مرتبہ آواز کمی روٹی کا
ہوکر بدنام ہو جاوے۔ اور یہہ رسم روٹی کی تحصیل حیکوال و پنڈدادن خان و تلہ گنگ
مین زیادہ تر ہے۔ اور تحصیل جہلم مین کم ہے۔ اور مرد و عورت کے جنازہ پر برابر ہے البتہ نابالغ
کی مرگ مین کچھہ کمی ہوتی ہے۔ کہ بعض کرتے ہین۔ اکثر نہین کرتے اور طعن بھی اون پر نہین ہے
چالیس دن کے بعد اور ایک سال اندر ایک اور روٹی واسطے شفاعت روح مردہ کے کرتے
ہین۔ یہہ روٹی پہلی روٹی سے جو مرنے کے وقت ہوتی ہے۔ بہت بڑی ہوتی ہے۔ اور اس
روٹی پر سب برادری کے لوگ جمع ہو جاتے ہین اور علاوہ علما و فقرا و مساکین وغیرہ پکاتے ہین۔ بہت
یہہ خرچ ہوتا ہے۔ ادنے۔ متوسط۔ اعلے اور مرنے پر بھی اقسام روٹی وہی ہوتے ہین جو شادی
وغیرہ مین دیتے ہین۔ کچھہ تمیز نہین۔

Scanned with CamScanner

گوشوارہ فیج رسوم توہار

نمبر شمار	موضع	تولد				نکاح				شادی				مرگ			
		پسر		دختر		پسر		دختر		پسر		دختر		پسر		دختر	
		۱۳۹۰	۱۳۹۱	۱۳۹۰	۱۳۹۱	۱۳۹۰	۱۳۹۱	۱۳۹۰	۱۳۹۱	۱۳۹۰	۱۳۹۱	۱۳۹۰	۱۳۹۱	۱۳۹۰	۱۳۹۱	۱۳۹۰	۱۳۹۱
۱	مگھر																
۲	گوجر																
۳	بجوڑ																
۴	ایڑ																
۵	کسر																
۶	کھوٹ																
۷	چاپ																
۸	پھپھو																
۹	کھوکھر																
۱۰	اداج																
۱۱	سید																
۱۲	پٹھان																
۱۳	جٹ																
۱۴	عیار																
۱۵	کمبوہ وغیرہ																
۱۶	کین																

مختصر حال تعلیم

قبل از عملداری سرکار اس ضلع مین علوم مروجہ کی تعلیم نہایت ہی کم تھی۔ صرف علماء مذہب کے کچھ فارسی پڑھتے پڑھتے تھے یا بعض قانون گوئے یا خاص کسی اچھے خاندان کا کوئی لڑکا تعلیم پاتا تھا۔ عملداری سرکار مین اسکا رواج زیادہ ہوا جابجا مدرسہ قایم ہوگئے تو اسوقت تعلیم کو کسیقدر ترقی ہوئی۔ مفصل حال اسکا نقشہ الحشو لہسے ظاہر ہوگا (۲۵۲) لڑکے کل ضلع مین اسوقت تعلیم پاتے ہین۔ عام طور پر حاضری بھی (۵۵۰) کی ہے اور حساب وغیرہ سے لوگ واقف بھی ہوتے جاتے ہین باوصف اسکے پھر بھی ایک افسوس کی بات ہے کہ اچھے خاندان ابھی تک زیادہ توجہ تعلیم تعلیم اولاد پر نہین کرتے۔ آیندہ امید کو شاید کہ زیادہ جسکر ہووے۔ کیونکہ جن لوگون کو وہ اپنے سے بہت کم حیثیت خیال کرتے ہین انکی کسیقدر اولاد بسبب تعلیم عزت پاتی ہے۔ بلاحظہ ان حالات کے امید ہے۔ کہ آیندہ زیادہ توجہ انکو تعلیم اولاد کیطرف ہوگی۔

فہرست اوسط حاضری طلبا ابتدا سنہ ۱۸۷۶ء تا انتہا سنہ ۱۸۸۰ء

سال	تعداد طلبا	بلحاظ پیشہ		بلحاظ مذہب					بلحاظ حاضری	کیفیت
		ملازمت		مسلمان	ہندو	سکھ	مسیحی	متفرق		
۱۸۷۶-۷۷ء	۳۲۱۰	۱۳۰۵	۱۹۰۵	۱۲۲۷	۱۴۸۷		۳۵۹	۳	۳۵۱۵	۲۴۳
۱۸۷۷-۷۸ء	۳۴۱۷	۹۵۳	۲۴۶۴	۱۲۲۵	۱۵۲۷		۳۹۳	۳	۳۵۹۹	۲۸۹
۱۸۷۸-۷۹ء	۳۴۳۱	۱۳۴۷	۲۰۸۴	۱۲۸۲	۱۹۹۲		۳۱۸	۲	۳۷۹۰	۳۳۱۱
۱۸۷۹-۸۰ء	۳۱۳۶	۱۹۱۵	۱۶۰۲	۱۶۸۲			۳۹۷	-	۳۷۵۱	۲۲۵۵
۱۸۸۰-۸۱ء	۳۰۴۶	۱۴۵۶	۱۵۴۸	۱۹۳۲			۳۲۲	۲	۳۵۰۲	۲۸۳۶
۱۸۸۱-۸۲ء	۱۲۸۱	۱۴۸۱	۱۳۰۳	۱۲۷۹			۲۸۳	۸	۳۱۵۲	۲۵۵۰

Scanned with CamScanner

فہرست مدارس

نمبر شمار	نام مدرسہ	تاریخ قیام مدرسہ	قسم مدرسہ	تعداد طلباء	خرچ تنخواہ ماہواری: سلسلہ	ہیڈ ماسٹر	سیکنڈ ماسٹر	تھرڈ ماسٹر	فورتھ ماسٹر	ففتھ ماسٹر	کیفیت
۱	مشن سکول	۱۸ اگست ۱۸۶۶ء	مڈل سکول	۲۲۶	۱۲	۴۰	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰	
۲	مشن سکول	۱۸۶۶ء		۹۱	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۳	عباس	۱۸۶۶ء	مڈل سکول فارسی	۱۰۷	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۴	کالو	۱۸۶۶ء	پرائمری سکول	۱۱۵	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۵	دوسیلی	۱۸۶۶ء		۹۳	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۶	سنگوئی	۱۸۶۶ء		۱۰۱	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۷	پراگواہ	۱۸۶۶ء		۷۲	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۸	چوکار	۱۸۶۶ء		۸۲	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۹	بشیاور	۱۸۶۶ء		۷۵	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۱۰	ملوٹ	۱۸۶۶ء		۸۰	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۱۱	میلہ	۱۸۶۶ء		۸۱	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۱۲	دارا پور	۱۸۶۶ء		۹۳	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۱۳	سرگھوسہ	۱۸۶۶ء		۱۵۱	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۱۴	بھڑی	۱۸۶۶ء		۳۱	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۱۵	پڑی	۱۸۶۶ء		۳۲	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۱۶	چکوال	۱۸۶۶ء	مڈل سکول	۱۷۶	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		

نمبر شمار	نام مدرسہ	تاریخ قیام مدرسہ	قسم مدرسہ	تعداد طلباء	خرچ تنخواہ ماہواری: سلسلہ	ہیڈ ماسٹر	سیکنڈ ماسٹر	تھرڈ ماسٹر	فورتھ ماسٹر	ففتھ ماسٹر	کیفیت
۱۷	کریالہ	۱۸۶۶ء	پرائمری سکول	۱۱۶	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۱۸	بھون	۱۸۶۶ء		۱۰۵	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۱۹	روڈیال	۱۸۶۶ء		۴۴	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۲۰	بل کسر	۱۸۶۶ء		۵۷	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۲۱	مریہ	۱۸۶۶ء		۳۳	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۲۲	دھروگی	۱۸۶۶ء		۲۲	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۲۳	پنڈھاڑنگان	۱۸۶۶ء	مڈل سکول	۲۲۲	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۲۴	دھریالہ	۱۸۶۶ء	پرائمری سکول	۱۰۲	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۲۵	ہرن پور	۱۸۶۶ء		۸۹	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۲۶	کھیوڑہ	۱۸۶۶ء		۱۴۰	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۲۷	ڈلوال	۱۸۶۶ء		۲۴	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۲۸	احمداباد	۱۸۶۶ء		۹۹	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۲۹	دولیال	۱۸۶۶ء		۵۹	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۳۰	نور پور	۱۸۶۶ء		۸۱	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۳۱	پنڈی بیدیاں	۱۸۶۶ء		۷۵	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۳۲	ساؤوال	۱۸۶۶ء		۴۲	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۳۳	چلیسہ نشاہ	۱۸۶۶ء		۳۸	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۳۴	جلالپور	۱۸۶۶ء		۷۰	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۳۵	مندرنگ	۱۸۶۶ء		۱۳۰	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		
۳۶	سگھر	۱۸۶۶ء		۹۱	۱۲	۲۵	۱۵	۱۲	۱۰		

Scanned with CamScanner

زبان جو اس ضلع مین بولی جاتی ہے

اس ضلع مین عام زبان تو پنجابی ہے۔ اور پنجابی کے اندر درمیانی تیز اسکی یہہ ہے۔ کہ چار بھی کی زبان ہمین رائج ہی ایک زبان تو میدان تحصیل جہلم کی ہی۔ جو طویل مین سرحد شرقی اس ضلع سے شروع ہوکر قریب خاتمہ حد غربی تحصیل جہلم کے نارہ پہاڑ تک بولی جاتی ہے۔ اور جنوبی کنارہ دریاے جہلم سے لیکر دامن پہاڑ پبی تک عرض ہے۔ یہہ زبان تو قریب تر زبان ضلع گجرات وغیرہ کی ہے۔ اور کسیقدر پوٹھوہار سے بھی ملتی ہے۔ اس مین قوم گکھڑ و گوجر و اقوام متفرق آباد ہین دوسری زبان پارنالہ نہاں سے جانب غرب حد ضلع تک پہاڑ کی زبان سے مشابہ تر ہی۔ جو ضلع شاہپور علاقہ بارہ و گجرات مین بولی جاتی ہے۔ اور شرق سے جسقدر آدمی غرب کیطرف چلے اوسیقدر بارکی زبان سے اسکی مشابہت زیادہ بڑھتی جاتی ہے۔ اور تیسری زبان تحصیل تلاگنگ قوم آوان کی زبان ہی۔ جسکو اوان کاری کی زبان کہتی ہین یہہ کسیقدر حصہ شرقی ضلع بنون و پوٹھوہار سے ملتی ہے۔ چوتھی زبان پبی وغیرہ کی اور اسیطرح عام زبان تحصیل چکوال علاقہ دہنی وغیرہ کی ہے جو زیادہ مشابہ پوٹھوار و پنڈ گھیب وغیرہ سے ملتی ہے۔ وقعی یہہ چارون زبانین باہمی ایک نسبت موافقت کی رکھتی ہین۔ اور بعض لفظون مین تفاوت بھی زیادہ ہے۔ جب چارون حصہ کا ایک ایک آدمی ایک وقت مین ایک جگہ گفتگو کرے تو امتیاز اونکی زبان کی زیادہ تر معلوم ہوتی ہے۔ اور عام صورت سے پنجابی زبان ہے۔

مذہب

اس ضلع مین باعتبار آبادی کے دس فیصدی ہندو۔ دو سکھ۔ اٹھاسی مسلمان ہین۔ سوائے ان کے اور کوئی مذہب رائج نہین ہے۔ مسلمان عام طور پر بلکل اہل سنت جماعت ہین۔ شیعہ بچکہ بھی نہین۔ اگر کل ضلع مین سو دو سو ہونگے تو وہ بھی اعتقاد اسکا صفائی سے نہین کرتا۔ اور وہابی خاص جہلم مین چند آدمی ہین۔ زیادہ نہین۔ ہندو سکھ بھی عام پورانے عقائد کے معتقد ہین۔ نئی کسی مذہب کی پابندی نہین ہے۔

میلہ ہاے

تفصیل میلہ ہاے جو اس ضلع مین ہوتے ہین نقشہ ذیل سے معلوم ہوتی ہے۔

فہرست میلہ ہاے

نمبر شمار	مہینہ	روز	نام میلہ	کیفیت بابت میلہ کے
۱	جہلم	پہلی	شبندر	زیارت دیوان نصاب دیوانہ صاحب ایک عابد آدمی گذرے ہین۔ اونکی قبر و چار دیواری پختہ بنی ہوئی ہی۔ عید النظر کے بیس روز بعد عرس کا میلہ ہوتا ہی۔ قریب ایکہزار یا نسوکے خلقت کے ہجوم میلا ہوتی ہی۔ دو دن میلا رہتا ہی۔ دن کو لوگ آتے ہین۔ اور رات کو اپنے اپنے گھر واپس چلے جاتے ہین۔ دیوان صاحب کی اولاد سے غلام شاہ گدی نشین ہی۔ اکثر لوگ علاقہ پبی وغیرہ کے مرید و معتقد اس خاندان کے ہین۔ میلا مین تخمیناً قریب ۵۰۰ روپیہ کے خرچ کرتا ہے۔ اس زیارت کے صلع ۵۰ روپیہ کے معافی ضلع راولپنڈی مین واگذار ہے۔ میلا مین اشیاء تجارت کی خرید و فروخت نہین ہوتی۔
۲	"	میانہ موہرہ	خانقاہ شاہ سفید	علاقہ پبی مین یہہ ایک مشہور خانقاہ ہی شاہ سفید قوم کے سید عارف آدمی تھے۔ خانقاہ و چار دیواری پختہ بنی ہوئی ہی قوم میانہ جو اس گانو مین موجود اور خانقاہ پر قابض ہین۔ شاہ سفید کی اولاد اپنے آپ کو بیان کرتے ہین۔ جسوجہ اس خانقاہ پر اگر خدمت جاروب کشی کرتے ہین بالعقیدہ اونکے عام کا قول ہے کہ پیر زیارت کی برکت سے اونکو مرض جذام سے آرام ہو جاتا ہے۔ ماہ بیساکھ کی ہر چہار جمعرات کو میلا ہوتا ہے۔ قریب آٹھ ہزار کے مرد و زن علاقہ چکوال

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	ضلع	تحصیل	موضع	کیفیت بابت میلہ کے	موضع میلہ
۲	جہلم	چہی	سیالہ سوہرو	دھلاوہ دھن و علاوہ گوجرخان و علاقہ چہی و جہلم و رہتاس وغیرہ کے جمع ہوتے ہین۔ اشیاء تجارتی کی خرید و فروخت نہین ہوتی حلوائی و منیار وغیرہ دوکاندار میلہ مین آتے ہین۔ جانور بھیڑ کی ارائی کا جلسہ ہوتا ہے۔ شیرہ بازاور اوسکے تماشہ مین بخوبی دل حاضر ہوتے ہین۔ پڑکوٹی کا اکھاڑہ ہوتا ہے۔ نوجوان زمیندار لوگ کوڈی کھیلتے ہین۔ تخمیناً عدد حاضرین چڑھاوہ کے آدمی ہوتی ہے۔ موضع سوگیال علاقہ چہی مین اراضی چھ ایکڑ اس خانقاہ کے نام واگذار ہے۔	خانقاہ شاہ سعید
۳	جہلم	کہوٹہ	سوہن	یہہ پورانی زیارت ہے۔ پہاڑ مین ایک چشمہ آب لبالب خام سنگی بنا ہوا ہے اوس سے پانی نکلتا ہے۔ اوس کے متصل ایک قبر غازی کی واقع ہے۔ لوگون کے بیان سے ظاہر ہے کہ وجود اس چشمہ کا صاحب زیارت کی برکت سے ہوا ہے اس چشمہ مین وہ عورتین جنکو بسبب بیماری کے اولاد پیدا نہین ہوتی ہر روز چاندنی اتوار نہاتی ہین۔ کہتے ہین کہ اونکی بیماری کو آرام ہو جاتا ہے بوقت نہانیکے جب توفیق ہو دو چار پیسہ۔ عورتین زیارت پر چڑھاتی ہین میلا نہین ہوتا۔	خانقاہ غازی سنگرہ
۴	جہلم		رکبہ گہرٹ	یہہ چشمہ خام شہر جہلم صدر مقام ضلع سے جانب غرب بفاصلہ تخمیناً دس کوس قلعہ رہتاس کے قریب ایک جنگل ہے۔ حکایت سرکار اور بنام رکبہ گہرٹ مشہور ہے۔ اس رکبہ مین دو چشمہ ایک ہی جگہ واقع ہین۔ ایک تو پتھر کندہ ہوا ہے۔ دوسرا زمین کھودا ہوا ہے	چشمہ گہرٹ

نمبر شمار	ضلع	تحصیل	موضع	کیفیت	موضع میلہ
				جسکے گرد سنگی پتھر سے دیوار بنی ہوئی ہے۔ چشمہ مقدم الذکر عمق مین ۱۵ فٹ کے قریب ہوگا اور دوسرا ۳۰ فٹ کے قریب۔ ان چشمون کی نسبت عوام الناس بسطح پروڑ کرتے ہین۔ کہ حضرت بابا فتح چنیانی مین شاہ عثمان فقیر غازی کا قیام اس مقام پر چند روز ہوا۔ شاہ موصوف ایک بڑے فقیر اس علاقہ مین ہوئے ہین۔ خانقاہ اونکی غازی ناڑہ و ناڑہ جلالپور واقع ہے۔ جنیر میلہ بھی ہوتا ہے۔ یا کوئی بڑی بگڑ یونکا اجڑ بیان کرتا تھا۔ دودھ غیرہ سے اونکی خدمت کی۔ اتفاقاً وہ بیمار ہوگیا۔ کوشکم اوسکا پھول گیا۔ شاہ صاحب سے اوسنے دعا کی درخواست کی۔ اونہون نے فرمایا۔ کہ یہان زمین کھودو۔ چنانچہ اوسنے زمین کو فی الفور کھودا۔ اور پانی اوس سے شور نکلا جسکے پینے سے ایک گھنٹہ تک تو اوسکے پیٹ مین درد رہا۔ اور شکم مین آواز و ہلکی حرکت کی آتی رہی۔ (آواز کو گہرٹ اسمک مین کہتے ہین۔ اسلئے اسکا نام گرٹ مشہور ہوا) پھر اسہال آنے شروع ہوگئے اور وہ بیماری رفع ہوگئی۔ اوسوقت سے تمام لوگون کو یہ عقیدہ ہوگیا ہے کہ موسم جلاب کا ہووے۔ یعنے ماہ چیت بیساکھ سطابق ماہ اپریل و ماہ مئی کا تک مطابق ماہ اکتوبر مین اوسوقت یہان آتے ہین اور غلہ گندم قریب جاؤ سیر کے۔ برایان کراکر اوسمین قند سیاہ ملا دیتے ہین جسکو مرتہ کہتے ہین۔ ساتھ لاتے ہین۔ یہان پہنچکر سبو پانی کا اوس سے بھر کر علیحدہ علیحدہ جگہ مین مٹھیم جاتے ہین اور اوسکو پینا شروع کر دیتے ہین چونکہ ذائقہ اس پانی کا اچھا نہین شربت ہے اسلئے اوپر ہر پانی پیتے ہین اوپر مرتہ کہاتے ہیں	چشمہ گہرٹ

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	نام تحصیل	نام علاقہ	نام موضع	نام مکان	کیفیت
۰	۱۱	۰	۰	۱۱	کہاتے ہین اس حد تک یہ پانی پی جاتے ہین کہ قیاس یقین نہین کرتا۔ یعنے زمیندار لوگ تو دو دو گھڑے تک پی جاتے ہین پہلے دو حوض چار پانچ سیر پانی پیا جاتے ہین۔ تو تشنگی بجھ جاتی ہے۔ اور ایک گھنٹہ کے بعد سہال آنے شروع ہوتے ہین۔ پہر دیر سے اور پانی کا استعمال ہوتا ہے۔ لاکن پیر دن نہین ٹہرتا۔ بلکہ جیسا پانی پیا جاتا ہو فی الفور نکل جاتا ہے اس حساب سے تین چار گھنٹہ تک فراغت ہو جاتی ہے۔ کسی قسم کا ضعف طبیعت مین نہین آتا۔ البتہ کچھ گرمی بسبب کثرت استعمال پانی کے معلوم ہوتی ہے۔ لاکن ہر جگہ سے ایک میل کے فاصلہ پر ایک چاہ ہے۔ جسکا پانی شیریں ہے۔ اوسکے پینے سے وہ گرمی بھی رفع ہو جاتی ہے۔ پرہیز کوئی پرہیز اس حساب سے نہین کرنا پڑتا۔ مقتا ہی حکیم اور دوا سے بچاؤ ہوتا ہے اسلئے موسم حساب کیوقت دور دور سے یعنے علاقہ جھون و لاہور و گجرانوالہ۔ وشاہپور گجرات وراولپنڈی وغیرہ سے لوگ آکر یہ حساب کرتے ہین۔ اس حد تک اجتماع ہو جاتا ہے کہ نوبت پانی لینے کی ایک دوسرے کو نہین ملتی۔ اور آپس مین دنگہ فساد بھی ہو جاتا ہے۔ اس انتظام کے واسطے گارد پولیس دن ایام مین مقرر ہو جاتی ہے۔ رات کو یہان کوئی نہین ٹہرتا۔ نہ ٹہرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ کہ صرف دو تین گھنٹہ مین فراغت ہو جاتی ہے۔ ایام حساب مین ایک فقیر بھی یہان قیام کرتا ہے جسکو لوگ حسب توفیق غلہ و نقد وغیرہ دیتے

خلاصہ تاریخ ذکر الامیر تحصیل چکوال پاکستان

نمبر شمار	نام تحصیل	نام علاقہ	نام موضع	نام مکان	کیفیت
۰	۰	۱۱	۰	۱۱	مین موسم پر اکثر دس ہزار آدمی کا ہجوم ہو جاتا ہو۔ اور تغیر موسم کو بھی کسیقدر اس حساب سے ان لوگون کو فایدہ ہوتا ہے جو شاکی سردی یا امراض شکم وغیرہ کے ہون
۵	۰	۰	بیٹ	مکان گورکہنا تھ	حقیقت اس مندر کی ہیر مندر کے دھام راجہ راجہ چکے وقت سے ظاہر کرتے ہین۔ اور کہتے ہین۔ کہ گورکہ ناتھ موجودہ فرقہ فقیری جوگ نے چندہ اس ٹیلہ پر مقیم رہکر کانتہ کو چیلہ بنایا۔ اور گدی نشین ٹیلہ کا کر دیا۔ اوسکے قیام اور بالناتھ کی گدی نشینی سے یہہ ٹیلہ گورکہ ناتھ دبال گورکھ ناتھی موسوم ہوا۔ مندر و مکانات پختہ ہو چکے قدیم زمانہ مین کل مندر جوگیون کے اس ٹیلہ کے تابع تھے بدون حصول اجازت پیر گدی نشین ٹیلہ کے دوسرے کسی مندر کا کوئی گدی نشین نماز جات ہاہمی کا فیصلہ نہین کر سکتا تھا۔ یعنے کل اس فرقہ کے تنازعات اس مقام سے فیصلہ پاتے تھے۔ نذر نیاز ہر ایک گدی نشین سالانہ پیشکش کرتا تھا۔ شروع عملداری سرکار انگریزی سے یہہ دستور معدوم ہو گیا۔ شہر اتری کو کہ ہندو دکا ایک شہر ہوتا ہی۔ قریب سات سو مرد و زن کے جمع ہوتے ہین۔ ایکدن میلہ رہتا ہے۔ آٹھ دس دوکان حلوائی و میوہ فروشونکی آتی ہین۔ اسباب تجارت کے خرید و فروخت نہین ہوتے تخمیناً ایک سو روپیہ چڑھاوہ چڑھتا ہے۔ بقدر لوگ میلہ

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	نام تحصیل	نام علاقہ	نام موضع	نام مکان	کیفیت
۵	"	"	"	"	اوین اونکو ابلور پرشاد و دورونی اور کچوڑی باجرہ کی جنکا بموجب عادت نذر سوا سیر کا ہوتا ہے۔ دیجاتی ہے۔ میلا کے دن پیرگدی نشین کا سالانہ بتفصیل ذیل خرچ ہوتا ہے۔ کہان۔ خرچ لنگر کل ماسوائے میلہ کے ہر روز لنگر جاری ہوا رشاہے۔ جب کوئی مسافر جاوے تو اوسکو بلا لحاظ قومیت کے روٹی حسب حیثیت ملتی ہے۔ اگر رات رہے تو کمرا بھی دیتے ہین۔ بوقت مقدمہ فوجداری حسین پیر گوہر ماتھہ گرمی نشین ہے۔ حال ماخوذ ہو گیا تھا۔ کل معافیات و جاگیر اس مندر کو ضبط ہو گئے اب تخمیناً اسے ایکسو اسی فرد عہ ملکیت موجودہ ہے جسے ضبطی جاگیر کی مل مین تھی۔ مندر کے اخراجات کو سوائے آمدنی مزروعہ ملکیت و نذرانہ مریدی کے اور کچھ گنجایش نہ ہی۔ لیکن برسم قدیم اب بھی روٹی بدستور مسافران کو ملتی ہے۔
۶	جہلم	روتاس	چشمہ روتاس (نانک شاہی)		یہ چشمہ قلعہ روتاس متصل برلب نالہ گہان واقع ہے۔ بشکل حوض تعمیر اسکی عبارت سنگی پختہ ہے۔ بر سر چشمہ ایک دھرم سال بہت خوش قطع پختہ دو منزلی جسکے تعمیرات بھی شروع ہین۔ سکھون کا عقیدہ ہے کہ وجود اس چشمہ کا نانک صاحب کی برکت سے ہوا ہے۔ نانک ابتدا گورو موجد پنتھ سکھون کا نام ہے۔ یہ فقیرانہ حالت مین پھرتے رہتے تھے۔ اس چشمہ مین نہانے کو سکھ ثواب جانتے ہین۔ یکم بیساکھ کو ایکدن میلہ ہوتا ہے تین چار سو آدمی تخمیناً جمع ہوتے ہین۔ بازار و دوکان نہین آتے پڑاوہ کی آمدنی قریب ۴۰ روپیہ کے ہوتی ہے جسمیں

نمبر شمار	نام تحصیل	نام علاقہ	نام موضع	نام مکان	کیفیت
					مندر کا حاضرین کو چرنامرت مین جاوے۔ علاوہ بریں شاہ دیتا ہے علاوہ بریں جب کوئی مسافر جاوے تو اوسکو بھی روٹی دیتا ہے اس مندر کے نام ایک موضع منارہ بھی (۱۰۵۰) اور نصفی حصہ موضع لنگر پیان کا جسکی جمع (۱۱۵۰) روپیہ ہے جاگیر ہے۔
۸	پنڈدادنخان	جلالپور	ڈھیری	خانقاہ سیدان شاہ کرشاہ	یہ خانقاہ درمیان پہاڑ کے رکھہ سرکار مین واقعہ ہے۔ خاص کوئی کرامت مشہور نہین۔ مگر بزرگ ہوئے ہین۔ ہر جمعرات لوک شیرینی شکرانہ لیکر جاتے ہین۔ جو چڑاوہ چڑہتا ہے شرفا ملی مجاور خانقاہ لیتا ہے۔ جو منت کوئی شخص مانتا ہے۔ پوری ہوتی ہے
۹	"	استانی بو ماتا خوشحالی	"	"	یہ مکان اہل ہنود محصل خانقاہ نیر کے ہے اور اسمشی نور اترا جو ماہ اسوج وچیت مین ہوتی ہے۔ یعنے سال مین دو دفعہ بڑا میلہ ہوتا ہے ہندو لوگ پوجا کرتے ہین۔ اور از قسم بکرا و حلوا چڑاوہ چڑہتا ہے قوم زرگر جو منت دیوی خاص جلالپور مین رہنے والے ہین لیتے ہین۔ جو لوگ حاجت برآری کیواسطے آوے باعتقاد اوس کے ہر ایک کی حاجت پوری ہوتی ہے۔
۱۰	پنڈدادنخان	جلالپور	جلالپور	مکان حضرت سید غلام محمد شاہ صاحب	یہ صاحب خاص جلالپور مین مقیم ہین۔ روزمرہ قریب ۴۰ نفر مرید و مسافر کے مکان پر جمع رہتے ہین۔ ہر ایک کو روٹی دیتے ہین اور بڑے ولی مشہور ہین۔ ہر ایک حاجت یہی پوری ہوتی ہے۔ ماہوار ۱۰ تاریخ کو چاند کو عرس ہوتا ہے یعنے اکثر مرید و دیگر اشخاص اون کے مکان پر جمع ہو کر شاہ صاحب کو نذر دیتے ہین۔ اور اوس روز سب کو روٹی عمدہ ملتی ہے۔ گویا ہر ماہ مین ایک دفعہ یہ بھی ایک جشن کا میلہ ہوتا ہے۔

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	نام تحصیل	نام علاقہ	نام موضع	نام مکان	کیفیت
۱۰	پنڈدادنخان	جالپ	رداں	دھیرے رادخانقاہ سید جلال	سید ہرم رہے ایک چشمہ پانی کا ہے۔ آبپاشی۔ زمین دال کوہی بڑا چشمہ سے ہوتی ہے۔ اسجگہ پر جو چشمہ ہے اوسپر قریب تین ہنود و اقوام کی ہرایت دار جاتے ہین۔ جبکو سایہ ہووے اوسجگہ شیرینی مانتے سے سایہ دور ہوجاتا ہے۔ اول چشمہ مین نہاکر ایک پتھر قرار اوسجگہ اوس کے گرد سات پھیرے لیتے ہین۔ اور جبتک بدن خشک ہووے تب تک زبان سے بولنا منع ہے جو شکرانہ چڑاتا ہے۔ وہ مجاور خانقاہ سید جلال کے لیتے ہین۔ ہر سال چیت چودس کے دن بڑا میلا ہوتا ہے۔ قریب اکیس ہزار آدمی جمع ہوتا ہے۔ جسمین اکثر عورات اور مرد کم شکرانہ اول پانچ شیرینی مقرر ہے۔ بعد اوس کے جسکی حاجت پوری ہوجاوے۔ وہ حسب توفیق دیتا ہے معافی بھی خانقاہ کے ساتھ ہے۔
۱۱	″	″	دھریار	خانقاہ پیر مصطفے	یہ بھی بزرگ ہوئے ہین۔ ہوا کا درد لینے رنج جسکو ہووے۔ وہ بھی اتوار سلام کرنے سے باعتقاد اوسکے رفع ہوجاتا ہے۔ خاص کہی میلہ نہین ہوا ہے۔ ہر ایک اتوار کو سب لوگ اہل ہنود و مسلمان سلام کرنے آتے ہین۔ اوسجگہ کی خاک جائے درد پر ملتے ہین توشفا ہوجاتی ہے اکثر شہی روٹی منت جو ہے وہ مجاور لیتا ہے
۱۲	کہون	ڈلوال	شب گنگا		یہ جگہ اہل ہنود کی متبرک اوسمین ایک چشمہ جاری ہے۔ ہر ماہ کی یکم کو دو پہات لحظہ کے لوگ اشنان کو آتے ہین۔ اشنان کرنا صواب جانتے ہین۔ جیا کہی کے روز میلا بھی ہوتا ہے۔ قریب چار سو آدمی کے جمع ہوتا ہے۔ ایک مندر رگا اسجگہ ہے پوجا رہا مقرر ہے۔ جو چڑاوہ چڑہتا ہے اوسی پجارہ کا حق ہے عموماً چڑاوہ حسب توفیق نقدی و شیرینی

نمبر شمار	نام تحصیل	نام علاقہ	نام موضع	نام مکان	کیفیت
					چڑہتا ہے
۱۳	پنڈدادنخان	کہنڈوا	کہنڈوا	فرشنگ پیر	یہ بھی ایک مشہور جگہ اہل ہنود کی ہے۔ فقیر وغیرہ اسجگہ جمع رہتے ہین اشنان کے واسطے دور دور سے لوگ آتے ہین۔ بیساکہی کے روز بھی اسجگہ میلا ہوتا ہے قریب (۵۰۰۰) آدمی کے جمع ہوتے ہین۔ ایک سادھو بیراگی ہمیشہ مقیم رہتا ہے جو چڑاوہ لیتا ہے نقدی و شیرینی لوگ چڑاوہ دیتے ہین۔
۱۴	″	پنڈدادنخان خاص	پنڈدادنخان	خانقاہ پیر مصطفے	یہ بزرگ ہوئے ہین۔ ہر ایک کی حاجت پوری ہوتی ہے۔ ہر جمعرات بلحاظ میلہ کے اہل اسلام و اہل ہنود واسطے سلام کے قریب دو ہزار آدمیون کے شہر و باہر دیہات کے جمع ہوتے ہین۔ شیرینی شکرانہ از قسم غلہ و نقدی وغیرہ مولیشی وغیرہ لوگ حسب توفیق چڑاوہ چڑہتا ہے۔ یہ چڑاوہ پیر مصطفے کے دو ہتروکرم شاہ وغیرہ جو خاص پنڈ مین رہتے ہین لیتے ہین۔ مرید بھی اس خاندان کے بہت ہین۔ معافی بھی مگر اب ضبط ہوگئی۔
۱۵	″	″	خانقاہ چلاشم		یہ بھی بزرگ ہوئے ہین۔ ہر جمعرات عورتین چراغ وغیرہ جاکر جلاتی ہین۔ اہل خانقاہ کے ساتھ قریب ۲۵ گھمانون کے معافی۔ دوام کے واسطے ہے۔ شیرینی وغیرہ لوگ چڑاتے ہین خاص کرامت مشہور ہین۔
۱۶	″	″	مندر رگنگا		یہ مندر مہاراجہ گلاب سنگھ کا ہے اہل ہنود اسکی بہت اعانت کرتے ہین۔ بڑی متبرک جگہ اہل ہنود کی ہے۔ بیراگی سادھ اس جگہ گدی نشین ہے۔ پانچ چھ پشت سے ناگون کی گدی مشہور ہے جو جنت اسجگہ ہوتا رہا ہے۔ بڑا بزرگ ہوتا رہا ہے ہوقت

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	نام تحصیل	نام علاقہ	نام موضع	نام مکان	کیفیت
					جنت سرجو داس ہے۔ سداورت ہو جسقد رساہدو روزمرہ کو مین اون کو جنت روٹی دیتا ہے۔ اور ایک کھوئی جواد سکے اندر ہے اگر صاحب کے وقت کی ہے۔ اوسکی کرامت ظاہر یہہ ہے کہ جو نی لڑکی جسکو خارش ہو جاوے۔ تین اتوار پانی اوس کھوئی کے نہانے سے خارش رفع ہو جاتی ہے۔
۱۷	۰	۰	۰	شوالہ جنت دھنی گر	یہہ شوالہ بھی اہل ہنود کا ہے۔ جنت دھنی گر داداگرو جنت شنکر کا ہے اسکی بھی اہل ہنود بہتی مانتا کرتے ہین۔ اور سیوک اس خاندان کے بہت لوگ ہین۔ روٹی بھی مسافران ساہدوان کو فیر کو جاس مکان آوے ملتی ہے۔ بڑا ہاری مکان پختہ بنا ہوا ہے سعانی بھی کچھ بنام جنت شنکر گر تا حیات اور تا حائی شوالہ چند دیہات مین ہے۔
۱۸	پنڈ داد نگان	پنڈ	پنڈ خاص	سادھ کیول ناتھ	یہہ سادھ کیول ناتھ جوگی اہل ہنود کی ہے۔ اوسنے زندہ سادھ لی تھی یعنے خود سادھ بنوا کر زندہ داخل ہوا ہے۔ بڑا بزرگ ہوا ہے۔ جب بارش کی کمی ہووے اوسجگہ سب شہر دار میلہ لگاتے ہین۔ اتوار کو میلہ ہوتا ہے۔ خدا کے فضل سے میلہ ہوتے ہی بارش ہوتی ہے۔
۱۹	۰	احمد آباد	سنڈ ایر	خانقاہ شاہ شریف	یہہ خانقاہ پرانی ہے۔ اور بڑے بزرگ ہوئے ہین۔ آجہہ سال ۱۲ ماہ ماذکی ۹ تاریخ کو ہر سال میلہ ہوتا ہے۔ شاہ شریف کی اولاد سید سنڈ ایر موجود ہین۔ شیرینی شکرانہ جو میلہ پر چڑہتا ہے وہی لیتے ہین۔ خاص کوئی کرامت مشہور نہین۔

نمبر شمار	نام تحصیل	نام علاقہ	نام موضع	نام مکان	کیفیت
۲۰	"	"	پیر کہار	ڈیارت پیر کرم شاہ	یہہ بھی مشہور ہین اوسکی اولاد سے پیر کہارہ ہین موجود ہین۔ شکرانہ حسب توفیق مرید دن سے لیتے ہین۔ مرض کھنگی منت ماننے سے رفع ہو جاتی ہے میلہ نہین ہوتا۔
۲۱	"	کہون	تھنڈال	کشاس ساچ	یہہ ایک بڑا پورانہ تیرتھ متبرک اہل ہنود کا ہے۔ ہر سال بسا کھی کے دن بڑا بہاری میلہ ہوتا ہے چار پانچ یوم تک رہتا ہے۔ دور تک پنجاب کے لوگ واسطے اشنان کے اسجگہ آتے ہین۔ قریب دس ہزار بلکہ زیادہ آدمی جمع ہوتے ہین۔ پانی اوس تالاب میں جسکو کشاس بولا جاتا ہے۔ اہل ہنود اشنان کرنا نہایت ثواب جانتے ہین۔ پانی نہایت صاف ہے۔ اور ساہدو لوگ ہر فرقہ کے اسجگہ ہمیشہ مقیم رہتے ہین۔ تالاب کے عمق کی کوئی حد نہین ہے۔ مگر ایسی جگہ جہان باندازہ پانی کا نہین ہو صرف تالاب کے جانب گوشہ غرب و شمال کہ ہے اور شاستر مین دہرتے کا نیتر کہتے ہین۔
۲۲	"	"	ارڑ	خانقاہ سیان سالپ	یہہ بڑے بزرگ ہوئے ہین۔ ظاہر کرامت یہہ ہے کہ جسکو درد وباد کا ہووے۔ وہ تین اتوار جاکر سلام کرے اور گیہی خانقاہ کے جائے۔ درد ناک پر پھیرے۔ تو آرام پاتا ہے شکرانہ حسب توفیق ہر ایک دیتا ہے۔ اور کل علاقہ کہون مین فی ہل چار پائی اسکا مقرر ہے۔ میان سالپ کے اولاد سے جو قوم گوجر سیال مین وہ لیتے ہین میلہ نہین ہوتا۔ اتوار کو جو لوگ آتے ہین۔ اون کو قوم سیال

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	نام تحصیل	نام تھانہ	نام موضع	نام محلہ	کیفیت
۲۱	"	"	"	"	دوآدمیان سالپ روٹی دیتے ہین۔ یہہ دربار متبرک ہین سید نشاہ بڑے ولی ہوئے ہین۔ کئی کرامت اونکے مشہور ہین۔ سب لوگ ہندو مسلمان حاجت براری کے واسطے جاتے ہین۔ ہر ایک کی حاجت پوری ہوتی ہے بموجب سے جیسا کہ تب میلہ رہتا ہے۔ چڑھاوہ از قسم بکرہ و نقدی و غلہ و گھوڑا چڑھتا ہے۔ مرید بکثرت ہین۔ قریب ہزار کے آدمی مثل کتاس کے میلہ ہوتا ہے۔ ایک ایک ہی وقت یہہ میلہ ہوتا ہے۔ اب گدی نشین سائین خیرات علی شاہ ہے۔ سات پشت سے اوسکی گدی چلی آتی ہے۔ وقت میلہ سب مریدونکو روٹی گدی نشین دیتا ہے۔ قریب ۱۰ نفر کے ہر وقت فقیر جمع رہتی ہین۔ معافی کی سرکار سے اُس مکان کے ساتھ ہے۔
۲۲	چکوال	بھال	دھرابے	خانقاہ پیر حالشاہ	بروز پنجشنبہ اول تاریخ چاند ماہ اثر کے میلا جمع ہوتا ہے اور قریب چھ ہزار آدمی اس تحصیل کے اور سوا اوسکے اور دوسری تحصیلونسے آتے ہین اور ایک روز یہہ میلہ رہتا ہے اور پھر کودی اور کشتی۔ اور نیزہ بازی کرتے ہین۔ اور رات کو واپس ہو جاتے ہین۔ کسی چیز کی تجارت نہین ہوتی۔ البتہ کچھ دوکاندار حلوائی وغیرہ کچھ کھانے کی چیز تیار کر کے لے جاتے ہین۔ اور وہ فروخت ہوتی ہے۔ عام قیمت مین غلہ جو وغیرہ زمیندار گھر سے لے جاتے ہین۔ وہ دیتے ہین۔ روٹی گھر سے ساتھ لے جاتے ہین۔

نمبر شمار	نام تحصیل	نام تھانہ	نام موضع	نام محلہ	کیفیت
۲۵	"	"	ہرڑ	زیارت پیر شاہ	بروز پنجشنبہ اول تاریخ ماہ بساکہہ کی یہہ میلا جمع ہوتا ہے اور ایکدن و ہر رات کو سب آدمی گھر چلے جاتے ہین۔ باقی حال بطرح صدر ہے۔
۲۴	تحصیل	تھانہ	میال	دندہ	شاہ بلاول	گو کرامت مشہور نہین ہے۔ لیکن نہایت بزرگ ہوئے ہین۔ اونکی اولاد مین بزرگ نمبر ۱ نمبر ۲ نمبر ۳ بھی گذرے ہین وارث بھی قوم سید سکنائے دندہ۔ ضلع ضلع۔ سکہ تحصیل گنگ وہوارہ دیگر تحصیل چکوال و پنڈی گیب مین موجود ہین۔ سب ہندو و مسلمان اونکی عزت کرتے ہین۔ اور شکرانہ بطریق مرید سے اسلح لیتے ہین۔ کوئی شادی بیاہ۔ اولاد کے تولد پر بیل اور دو چادر ایک فصل مین اور نی مل۔ اونہی کل گھوڑے سے ایک پہکڑ اوسکی قیمت لیتے ہین۔ خانقاہ پر جو آمدنی ہوتی ہے وہ کچھ زیادہ نقدی نہین ہوتی۔ فقیر لوگ جتنی خانقاہ کے نوکر ہین وہ خبر رکھتے ہین کوئی میلہ مقرر نہین ہے جو آدمی زیارت پر آتے ہین۔ اگر اونکو مات آجاوے تو روٹی بھی دیتے ہین۔
۲۶	تحصیل	تھانہ	تحصیل	خانقاہ سید شاہ	یہہ صاحب بھی اولاد شاہ بلاول صاحب کے ہین۔ اور ظاہرا کرامت اونکی یہہ ہے کہ چالیس روز جو شخص کسی کام کیواسطے مزار پر جاوے ہو جاتا ہے۔ اور اونکی اولاد خاص تحصیل گنگ مین رہتی ہین۔ شکرانہ بطریق نمبر ۲۴ کے ہے۔
۲۸	"	"	میال	خانقاہ ملک حبیب	یہہ صاحب بھی اولاد شاہ بلاول صاحب کے ہین۔ کوئی کرامت مشہور نہین گر صاحب بس ہوئے ہین۔ اور اولاد اونکی موضع

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	نام تحصیل	نام علاقہ	نام موضع	نام مکان	کیفیت
					میال مین رہتی ہے۔ اور مریدون کے زیادہ تر مین اسواسطے آمدنی شکرانہ بہت کم ہے۔
۲۹	"	"	صورت	پیر تاڑہ	یہہ صاحب کرامت ہوتی ہین اونٹ یا ماس مہاشی یا اجڑ مین جو بیمار سے پڑے ہون اور پانک اجڑ یا مال مات کو وان جاکر بتادیوے تو آرام ہوجاتا ہے یا کسی آدمی کو چیش ہووے وہ اوس پانی بہتے ہوئے مین جو اوس مکان کے نیچے جاری ہے غسل کرے تو آرام ہوجاتا ہے۔
۳۰	"	جتی	جتی	شاہ دلاور صاحب	یہہ قوم کے اوان ہوتے ہین۔ اونکی اولاد مین قایم شاہ صاحب صلوا مین موجود ہین۔ آواگاری دیپٹی کمیشنر کے تحصیل میرے اونکے مرید بہت ہین اور کرامت مشہور بھی ہے کہ جو طرح طرح کا بروز عبرت جاوے تو بانقاد اونکے آرام ہوجاتا ہے شکرانہ کی نسبت ایک روپیہ شادی اور ایک روپیہ تولد کے وقت اور ایک چوانی فصل نئی مل لیتے ہین خانقاہ پر جو نذر وغیرہ کی آمدنی ہوتی ہے۔ وہ فقیر لوگ خادمان خانقاہ پاتے ہین۔
۳۱	نوشہرہ	جتی	بروڑال	خانقاہ والی بی بی صاحبہ	یہہ بھی قوم اوان ہے اونکے ہین مرض جنبل والے کو وہیں بیٹھ کر آرام ہوجاتا ہے کہتے ہین اونکی اولاد سے تھوڑے آدمی خاص ہوا ہین رسم شکرانہ مین جو بیمار لوگ یا اونکے شہادہ دلاتے ہین تو بیمار کے سیدھا کاری مین صاحبہ مین ہوتی ہین اونکی اولاد مین سے ایک بی بی صاحبہ کے ہاتھ سے کچھ دانتے تراشیں ہووے ہین سب لوگ اونکو نقد مین دیتے ہین شکرانہ بھی دیتے ہین سال بسال اونکی زیارت کو جاتے ہین اونکی اولاد سے ہوتی ہے صاحب برکت ہوتی ہین اونکی اولاد سے ہوتی ہے اونے خانقاہ مین
۳۲	"	"	چکے والے ٹراپ	خانقاہ شاہی صاحب	
۳۳	"	میال	چکے والے ڈاڈہ	خانقاہ شیخ محمود صاحب	

صحت جسمانی واوضاع واطوار

مختصر حال صحت جسمانی کا آب وہوا مین آچکا ہے اوضاع اطوار کی صورت یہہ ہی کہ حسب تشریح عام حال ضلع البتہ چکلہ ہائے جدید کے دو ٹکڑہ اس ضلع کے ہین۔ اور ایک ٹکڑہ جنوبی ہے۔ جسمین اکثر دیہات تحصیل جہلم و پنڈ کے واقع ہین۔ اور یہہ ٹکڑہ مشرقی ہے۔ دوسرا ٹکڑہ شمالی ہے۔ جسمین بعض دیہات تحصیل جہلم یعنے علاقہ پبی اور کل تحصیل چکوال و تلاگنگ واقع ہین۔ چوتھا ٹکڑہ جنوبی مشرقی کا ہے۔ اوسمین شرقی جانب تلاگنگ کچھ اور گوجو جنوبہ و باقی اقوام متفرق زیادہ آباد ہین طاقت جسمانی لوگون کی معمولی ہے۔ انمین جو دیہات دریائے جہلم سے کسیقدر فاصلہ پر ہین یعنے جانب شمال خشکی مین ہے اوسکے اگر گوجر ہین تو متوسط طاقت کے اور لباس بھی کچھ صاف رکھتے ہین۔ قد بھی معمولی ہین۔ چہرے بھی کسیقدر بارونق اور جو خاص کنارہ دریائے پر رہتے ہین۔ وہ کم طاقت اور زیادہ صاف رہنے والے نہین۔ لباس بھی اونکا صاف نہین ہوتا۔ اور اکثر قوم کے بھی متفرق لوگ ہین۔ اور بخار وغیرہ امراض مرطوبی ان دیہات مین زیادہ ہوتی ہین۔ اور جو دیہات اس ٹکڑہ مشرقی کی جانب غرب آخیر حد ضلع تک ہین۔ اونکی طاقت اچھی ہے۔ قد بھی بلند طاقت بھی زیادہ ہے۔ اور اکثر گول چہرہ و بلند قامت اور متوسط اندام نہ فربہ نہ لاغر اور صحت بھی اچھی ہی۔ لباس اکثر اس ٹکڑہ کا علی العموم مردانہ یہہ ہے کہ پاجامہ کی جگہہ چادر سفید باندھتے ہین جسکو تہہ بند کہتے ہین۔ اور گلے مین کرتہ سفید جو کمر سے کچھ نیچا ہوتا ہے یعنے طول اسکا زیادہ نہین ہوتا۔ اوپر چادر سفید سر پر چھوٹی پگڑی چھ سات گرانگریزی کپڑے کی اور جو معتبر معزز آدمی ہین وہ بڑے پگڑی باندھتے ہین۔ اور لباس عام یہی ہے۔ اب بعض لوگ پاجامہ شرعی یا ٹھیک پاجامہ بھی پہنتے ہین۔ مگر نہایت کم۔ عورتون کا لباس معمولی پنجاب کا ہے۔ غربی حصہ مین کسیقدر ریجائے پاجامے عورتین چادر باندھتے ہین۔ اور حصہ شمالی مین جو طرف شمالی گکھڑون وغیرہ کی ہے۔ اوسمین وہی لباس اور بجائے تہہ بند کے کثرت سے پاجامہ شرعی پہنتے ہین۔ اور حصہ غربی یعنے دہنی دامان کا بھی یعنے تحصیل تلاگنگ مین تہہ بند یا پاجامہ تنگ اور کسیقدر ڈھیلا بڑا پاجامہ پہنتے ہین اور پگڑی یہی علی العموم پہنی ہوتی ہے۔ لباس مردانہ عام سفید ہے۔ اسیطرح زنانہ اس حصہ مین بڑا ہے۔ زیور کل ضلع مین معمولی چوڑی۔ گراچاندی کا۔ بالی نامی گوشل بڑے حلقہ کی اور نتھ نماک کی طلائی اور گلوبند کا۔ یا اسی قسم کا زیور جو تمام پنجاب مین پہنا جاتا ہے پہنتے ہین۔ خاص کوئی زیور قابل ذکر نہین ہے۔

Scanned with CamScanner

حالات خانہ داری

زمیندار عورت کا رات دن کا کام

اس ملک مین عام رسم یہ ہے کہ جب لڑکا لڑکی بالغ ہووے۔ جب اوسکی شادی ہوتی ہے۔ پس جب شادی ہوئی اور عورت گھر مین آگئی۔ تو چند روز علی الاختلاف حیثیت خاندان موجب مرد کے دس بیس روز یا مہینہ دو مہینہ یا چھ ماہ برس تک اوس کی نوشادی کی۔ خاطرداری کیجاتی ہے۔ کام اوس سے کم لیتے ہین۔ پیر اوس سے پورا کام لینا شروع ہوتا ہے۔ خصوصاً جبکہ مرد کا اماپ ہووے۔ اور اکیلا گھر ہووے تو وہ عورت صبح ہی جھوت سوئی اٹھتی ہے۔ تو آٹا چکی سے پیستی ہے۔ اتنہ سنہ دہو کر دودہ بلوتی ہے بیٹھنے نہ پاتی ہے۔ بشرطیکہ مال گھر مین ہووے وہ سوم حصہ گھنٹہ کا کام ہے۔ پھر گوبر وغیرہ لیکر کسی باغ مین جیسا کہ حال ہووے پانی کو جاتی ہے۔ گھر مین جسقدر ضرورت ہووے پانی لاتی ہے۔ اکثر دو گھڑے پانچ تک لاتی ہے۔ پہلے گھنٹہ کا یہ کام ہے۔ بشرطیکہ پانی نزدیک ہووے۔ اگر دور ہووے تو گھنٹہ تک اسمین صرف ہوجاتا ہے۔ پانی سے فارغ ہوکر آٹا گوندتی ہے۔ پھر گوبر لینے یا ل کا گھر سے نکال کر باہر آکر قریب گانو کی زمین اوسکی ہے۔ تو وان ڈال دیتی ہے۔ اگر نہین تو گانو کے قریب جو جگہ گوبر ڈالنے کے واسطے مقرر ہوتی ہے گوبر وان ڈال آتی ہے۔ پھر گھر مین آکر تنور تپاتی ہے۔ اور روٹی پکاکر بقدر ضرورت خاوند کے واسطے جہان وہ ہل باہی کو گیا ہوا ہووے روٹی اور لسی لیجاتی ہو۔ وان بھی دور نزدیک سے پانی اوسکو لا دیتی ہے۔ اور اوسکو روٹی کھلا کر برتن لے آتی ہے۔ اور پھر خود گھر مین آکر روٹی کہاتی ہے۔ جب اسسے فارغ ہووے۔ تو اس عرصہ مین قریب ۱۱ بجے کے وقت ہوجاتا ہے۔ پھر چرخہ کاتتی ہے اور جسقدر کام پارچہ کی تیاری کے ہین وہ کرتی ہے۔ اور سلائی بارچات اپنے بدن و نیز خاوند کے کرتی ہے پھر نے پارچات کو پیوند لگاتی ہے۔ اگر کپڑا میلا ہوجاتا ہے تو کپڑے اپنے اور خاوند کے دہونے کے واسطے باہر جاتی ہے۔ اگر آٹا موجود نہووے تو مکی یا گندم وغیرہ لیکر چکی مین پیستی ہے۔ چار بجے شام تک ان کاموسے فارغ ہوتی ہے۔ پھر کہانے پکانے کا کرتی ہے۔ دکان سے دال یا ترکاری کسی قسم یا اپنے کھیت سے کوئی ساگ لیکر انڈھی مکان مین جاکر پکاتی ہے۔ اور یہ پانی رات کے واسطے لاتی ہے۔ اور تقضائے حاجت کیواسطے۔ یہی اسیوقت باہر جاتی ہے۔ آتی دفعہ پانی کا گھڑا لے آتی ہے۔ مگر اگر آٹا رات کے واسطے گوندتی ہے اور تنور تپاتی ہے اور روٹی تیار کرکے خاوند کو کہلاتی ہے۔ اسمین اسسے

دس گیارہ بجے رات کے ہوجاتے ہین۔ اور ایام سرما مین چرخہ بھی پہلی رات کاتتی ہے۔ اور پہر تین چار گھنٹہ سوکر اٹھتی ہے اور چرخہ پھر رات شروع کرکے صبح کردیتی ہے۔ یہ عام اور ہر روزہ عورت کا کام ہے۔ فصل کی طیاری پر اور بہت سے کام اسکے تعلق ہین۔ جیسا کہ فصل کی حفاظت اکثر اوسکے ذمہ ہوتی ہے۔ گہر کے کام ضروری سے فراغت پاکر حفاظت فصل کی خصوصاً فصل باجرہ کی یہ کرتی ہے۔ ورد فصل کے بعد خوشہ چینی یہ کرتی ہے۔ اور کوٹھی مٹی کی ہین غلہ ڈالا جاتا ہی۔ یہ طیار کرتی ہے۔ اور جہان باجرہ ہوتا ہے۔ اوسکے خوشکاشتی ہے۔ اور کپاس کی چنائی یہ کرتی ہے۔ یہہ تو اوسحالت مین تہا۔ جبکہ عورت بے اولاد ہووے۔ جب صاحب اولاد ہووے۔ تو دودہ دینا اولاد کا۔ اور پرورش بھی اوسکے ذمہ ہے۔ کئی مرتبہ کئی گہرون مین ایسا بھی ہوتا ہے کہ عورت کو حمل ہوجاتا ہے۔ اور لڑکا شیر خوار موجود ہوتا ہے۔ دوسرے لڑکے دو تین برس کے موجود ہوتے ہین۔ خود یا اولاد سے کوئی چارہ ہی ہوتا ہی۔ گہر کا سب کام اور اسپطرح دودہ دینا لڑکے اور بیاہی اولاد خاوند کی یہ سب کچہ ایک عورت کو کرنا ہوتا ہی۔ اور ذائع مراسم مذہبی جیسا کہ پانچ وقت وضو کرکے نماز پڑہنا روزہ رکہنا وغیرہ بھی کرتے ہین۔ عورات ایام حمل مین برابر کام کرتے ہین۔ صرف جبکہ وضع کے دن قریب آجاتے ہین۔ تو آٹھ دس روز کام نہین کرتی ہ

زمیندار مرد کا رات دن کا کام

مرد کے یہ کام ہین کہ فجر کو سویا اٹھکر اول تو اگر گاؤمیش یا دو گاؤ شیر دار ہے۔ تو اوسکا دودہ دوہکر عورت کے حوالہ کرتا ہی۔ پھر ہل باہنی کی ضرورت ہوتی ہے تو بیل لیکر یا ہر ہل باہنے چلا جاتا ہے۔ ہل باہی اسملک مین برابر دس ماہ تک ہوتی ہی اسمین دو دو یا چار چار روز کم و بیش کا وقفہ بھی ہوتا ہے۔ اور دو تو فصل کا سنبہالنا بھی اون ہی مہینون مین ہوتا ہے۔ اور دو ماہ پوہ و ماگہہ یعنے دسمبر و جنوری ہل باہنے سے زمیندار فارغ ہوتا ہے۔ اور ایام سرما مین تمام روز بعد روٹی کہانیکے ہل باہی کرتے رہتے ہین۔ اور گرمی مین صبح سے ۱۰ بجے شام تک۔ البتہ ایام تخم ریزی چاہی کسی پہاڑ مین سوائے تمام روز ہل باہی کرتا ہے۔ اور جو طیار لوگ مین۔ ترکاری اور اسلئے اجناس کے کاشت کرنے والے علاوہ ہل باہی کے کہ زمین اونکی کم ہوتی ہے۔ اور محتاج خبر گیری کی زیادہ ہوتے ہین۔ گوڈی زمین کی زیادہ کرتے رہتے ہین۔ پانی لگانے اور پاہ ڈالنے اور گہاس نکالنے مین زیادہ مصروف رہتی ہین۔ مگر اس کام مین عورت اوسکو زیادہ مدد دیتی ہے۔ اکثر کام عورت کرتی ہے۔ گرمی مین ۱۰ بجے کے بعد جب ہل کہولتے ہین۔ تو بیل چرنے کے واسطے چہوڑ دیتے ہین۔ اور خود گہاس کاٹنا شروع کردیتے ہین۔ شام کے قریب گہر پہر۔ اگر مہمان کوارد وارد ہوا کچہ کہلاتے ہین۔ اور گہاس ڈال دیتے ہین۔

Scanned with CamScanner

اور روٹی کپڑا کر سو رہتے ہین - فصل کے ایام مین بمقابلہ فصل کام مرد کے ذمہ ہی - اولاد جیسا کہ مرد عورت پر بوجھ پیدا کرنے کا زیادہ ڈالتے ہین - ویسے ہی چھوٹے کاموں مین مدد بھی زیادہ دیتی ہے - مثلاً جس کاشتکار کی پانچ چھ برس کا ہو وہ چھوٹی اولاد بہن بھائی کو بہلاتے ہین - کسیقدر چرائی سوتی مین مدد دیتے ہین - گھر کے چھوٹے کام شروع کر دیتے ہین - جسقدر عمر زیادہ ہوتی جاتی ہے - اوسی قدر زیادہ اُن سے باپ کو مدد ملتی ہے -

سید ابو الحسن ذکر الاشتر بریلوی
سکنہ پنجیبی، کنارہ دریا سید مان شاہ
ضلع چکوال، پاکستان

حال قرضہ وسود

اسوقت اس ضلع مین بظاہر قرضہ کی کثرت ہی - اور سود کا حال بھی دن بدن حد سے زیادہ تجاوز کرتا ہے شاہوکاران وغیرہ ساکنان قصبات کا حال علی العموم اس معاملہ مین عام اضلاع پنجاب کے ہے - جب کچھ قرضہ ہوتا ہے - ویسا ہی زیور وغیرہ بھی کسیقدر اوسکے پاس موجود رہتا ہے - زمینداران کا حال اس معاملہ مین اب ذرہ نرم ہوتا جاتا ہے - چنانچہ اکثر قرض لینے کی حاجت رہتی ہے - جب زمیندار علی العموم خود قرضدار ہین - دوسرے کو قرض نہین دیتے - نہ اب زیور بنواتے ہین - نہ شادی مین خرچ کرتے ہین - شادی غمی کا خرچ اب کسیقدر کم ہو گیا ہے - مگر آپکے بسبب مقدمہ برادری اور نام آوری اپنی کے قرض لیکر شادی غمی کرتے ہین - اور علی العموم قریب چہارم حصہ کے زمیندار قرض سے فارغ ہین کہ انہون نے قرض کسیکا نہین دینا ہے - مگر ۳/۴ ضرور قرضدار ہین منجملہ ان قرضداران کے قریب ۱/۲ کے تو ایسے لوگ ہین کہ بقدر المضاعف یا برابر آمدنی کے قرض اوٹھا ہے - اوچھ زمانہ کیوجہ ورت پڑ گئی ہے - وہ بھی فصول سے صبر نہین کر سکتے - مثلاً جب اونکے ہاتھ مین غلہ یا قیمت اوسکے نقد یا روپون زر و یا اس قسم کی کسی آمدنی اپنی کی آتی ہے - تو جا بجا کپڑہ عمدہ و لایتی آرام اور آرایش کا موجود نظر آتا ہے - یہ بات ملک ملک کے ملک ملک مین ریل کے ذریعہ پہرتی دیکھی جاتی ہین - اس کیصورت نظر آتی ہی - دخل زمینداران کا تمام عمدہ مکانات کو پٹی والے افسران ڈاک بنگلہ وغیرہ کچہری والے مین بذریعہ مزدوری وغیرہ کے قابو رشکوہ کوٹھی وغیرہ تک ہو جاتا ہے - ہوس ہر ایک چیز کے پہونچانے کی رکھتی ہے - اور شاہوکار جس زمیندار کو ذرہ مالدار اور آمدہ دیکھتا ہے اوسکے ساتھ خوشامد سے بھی لاگ لگاتا ہے - کپڑہ وغیرہ عمدہ چیزین اوسکو دکھاتا ہے تقاضا روپیہ کا کسی وقت تک نہین کرتا - جب وہ خوب پھنس جاتا ہے تو پھر سود در سود مین اوسکو چکر دینا شروع کرتا ہے بصورت عذر کے مقدمہ عدالت مین دایر ہوتا ہے گواہی وہی گھر مین موجود ہے - عدالت کو سوائے ڈگری اور اجرا کے چارہ نہین ہوتا - یہ سلسلہ روز بروز مترقی ہی - اور حقیقی دریافت سے بھی پایا جاتا ہے کہ قریب ۱/۲ کے یا کم و بیش اس سے اصل ہو گا - باقی سود ہے - اور بمقابلہ جمع سرکاری کے دس گونہ سے سو گونہ تک کے قریب یہی قرضہ ہے - قریب نصف کے قرضہ سے زمیندار خالی ہونگے - اور نصف مین بھی تھوڑا معمولی قرضہ اکثری ہو گا - جواب پر تحریر ہوا - بعض زمیندارون کی پہلی رقم قرضہ کی دو پیہ جمع سرکاری ہے - بعض نے خریدہ بسبیل قسط

Scanned with CamScanner

لعض کے کوئی کپڑہ وغیرہ شادی غمی اور لعض کا غلہ خوراک اسیطرح مختلف اشیائے کی ضرورت ہے رہتا ہے خاص کسی چیز کی کثرت نہین کہ وہ قرضہ کی وجہ خاص تصور ہو سکے۔ مگر زیادہ ہو جانا مقدار قرضہ کا سود کی زیادتی سے ہے۔ اور رواج سود کا اس ضلع جہلم مین اب یہہ ہے۔ کہ جب زمیندار کسی شاہوکار سے روپیہ لینا چاہتا ہے۔ اور ستو کی ضرورت ہووے تو وہ آنہ فی روپیہ شاہوکار سے پہلے اوس سے بنام رسم گنڈھ چھوڑائی لے لیتا ہے۔ یعنے روپیہ کی پیشگی کی گانٹھ کہلائی۔ لیکہ بجائے سولہ روپیہ اوسکو نقد دیتا ہے۔ اور سولہ روپیہ اوس سے لکھوا لیتا ہے۔ کہ سینے سترہ روپیہ نقد شاہوکار سے لیا۔ پھر دو آنہ فصل فی روپیہ اوس سے سود کا لیتا ہے۔ بہرحال سود کا حساب کرکے سود اوسکے شامل کرتا ہے اور سود در سود شروع ہو جاتا ہے۔ تین برس کے بعد دو روپیہ بجائے سولہ کے ہاتھ ہو جاتے ہین یعنے الف کے قریب کچھ زیادہ سود اور پیدا ہوتا ہے۔ اگرچہ برس تک روپیہ ادا نہووے۔ تو ہر فصل کا حساب کاٹنے کاٹتے بعد چھ برس کے اسا سولہ ہو جاتا ہے۔ اور اگرچہ یہہ امر پورانے رواج کے برخلاف ہے اصل سے قریب چوگونہ قرضہ ہو جاتا ہے۔ مگر اب یہہ اکثر دستور جاری ہو گیا ہے جسنے زمیندار کو تباہی کی حالت تک پہونچا دیا ہے۔ پورانہ رواج یہہ تہا کہ حساب زمیندار کا شاہوکار سے دو چار برس کے بعد اوسیوقت ہوتا تہا۔ جبکہ زمیندار نے روپیہ اوسکا بیباق کر دیا ہووے۔ یا خاص کوئی وجہ بے اعتباری کی پائی جاوے۔ اور اسوقت کی ایک مثل مشہور ہے۔ کہ (داندی ڈیوڑہی) (جنس دی دونی) یعنے اوسکے یہہ ہین کہ اگر دم یعنے نقد دئے جاوین تو فیصدی صد کل میعاد کا سود اصل پر زیادہ کر دیا جاوے۔ اور اگر مال مویشی دیا جاوے تو دونا دیا جاوے یعنے نال کی قیمت ڈال کر بجائے سو روپیہ قرضہ کے دو سو کا مال دیا جاوے۔ وہ صورت اب نہین رہی ہر عدالت سے اجرائے ڈگری مین نیلام کی نوبت پہونچنے سے زمیندار کو زیادہ تنگی ہو جاتی ہے۔ اور زمیندار کے قرضہ کا کچھ ٹھکانا نہین رہا۔ وہ قرضہ لینے سے نہین ڈرتے۔ نہ کہ ترقی قرضہ دینے مین کوئی عذر رکھتے ہین۔ پہلے یہہ ایک ضابطہ شاہوکاران کا مقرر تہا۔ کہ ایک ہل والے زمیندار کو صد تک قرضہ دیتے تھے۔ اب اکثر جگہہ ایک ایک ہل والے زمیندار پر سو دو سو روپیہ سے زیادہ گذر کر قریب الف کے یا زیادہ ہے قرضہ شاہوکار کا دیا ہوا ہے۔ اور اونکے سبب دو مین ایک تو یہہ کہ شاہوکاران کا اصل روپیہ اب کم ہے۔ مثلاً جس زمیندار پر ایک ہزار قرضہ ہے۔ اونمین اصل بہت ہی کم ہوگا اور سود سے بہی بہت سا کہا چکے ہونگے۔ یہہ قرضہ صابق قرضہ اور سود کا ہے اسواسطے اونکو زیادہ رنج نہین عدالت واسطے وصول کرا دینے کے موجود ہے۔ جب زمینداران کے پاس کچھ ہوگا۔ وہ وصول کر سکین۔ دوسری وجہ یہہ ہے کہ اوسوقت قیمت زمین کی بہت گران ہوتی تہی۔ مثلاً ماحصل ایکڑ اس ضلع جہلم کی قیمت اوسوقت

سو روپیہ تھے اوسوقت اس قیمت پر فروخت نہین ہو سکتے۔ اسواسطے اور قرضہ اوسکے ادا کرنے کا امکان پر ہے شاہوکاران کو ایک قسم کی تسلی ہے پہلے وقتون مین ایسی صورت زمین کی نہین تہی۔ بلکہ کچھہ ہی قیمت سو روپئے خاص خاص زمین کی عام زمین کی نہین تہی۔ اور واقعی اب بہی یہہ قیمت جو اوسوقت خیال کیجاتی ہے اور نہایت عمدہ اور گرانی زمین کی معلوم ہوتی ہے۔ یہہ بہی امن اور آباد رہنے زمینداران کی حالت مین ہے۔ اگر ملک کا ایک آدھان حصہ بہی فروخت ہونے لگے تو یہہ قیمت پر نہین ٹہر سکتی بہرحال زمینداران کا حال خراب ہے اور سود جو اسوقت رائج ہے اور سود در سود کا حساب جاری ہے۔ یہہ آخر تباہی زمینداران کا باعث ہے ہوگا۔ گو کہ اسوقت تک ابہی اسکا اثر عدالتون مین اور سرکاری انسرون تک ظاہر نہین ہوا لیکن اندرونی حالت زمینداران کی خراب ہے۔ اگر ایک ہی سال قحط آگیا تو سوای تباہی اور ویرانی کی زمینداران کا چارہ نہین ہے۔

خوراک

